## عمر چیمہ کے اغواء اور انہیں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے ، الطاف حسین

## عمر چیمہ اور انصار عباسی سمیت پیشہ ورانہ فرائض انجام دینے والے تمام صحافیوں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے

لندن ۔۔۔4، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں دی نیوز کے نمائندے عمر چیمہ کے اغواء اور انہیں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو اظہار رائے پر قدغن لگانے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ عمر چیمہ کو ایک خاص مقصد کیلئے اغواء کرنے کے بعد بہیمانہ سلوک کا نشانہ بنایا گیا اور اغواء کاروں کی جانب سے دھمکی دی گئی ہے کہ اس کے بعد دی نیوز کے سینئر صحافی انصار عباسی کو بھی نشانہ بنایا جائے گا جو کہ قابل تشویش ہے ۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عمر چیمہ کے اغواء اور انہیں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے ، اس کے ذمہ داروں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے ، عمر چیمہ اور انصار عباسی سمیت پیشہ ورانہ فرائض انجام دینے والے تمام صحافیوں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے ۔

## مخیّر حضرات ، سیلاب سے متاثرہ بچوں کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو نئے جوڑوں کا عطیہ دیں ، الطاف حسین

## سیلاب سے متاثرہ والدین اپنے بچوں کو عید کے کپڑے پہنانے سے قاصر ہیں

## بھوک و افلاس کی زندگی گزارنے والے بچوں کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنا ہر پاکستانی کا فرض ہے

لندن ۔۔۔4، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ ملک بھر میں سیلاب سے متاثرہ کمسن بچوں کو عید کی خوشیوں میں ضرور شریک کریں اور کمسن بچوں اور بچیوں کے لئے عید کے نئے کپڑے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کریں ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سیلاب کی تباہ کاریوں سے پاکستان بھر کے تمام علاقے متاثر ہوئے ہیں اور غریب عوام کی زندگی بھر کی جمع پونجی اس سیلابی پانی میں بہہ گئی ہے ۔ رمضان المبارک کے مہینے میں مصیبت زدہ خاندان کھلے آسمان تلے بھوک ، افلاس اور کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ تمام والدین کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ عیدالفطر کے موقع پر اپنے بچوں کو نئے کپڑے دلوائیں اور ان کا منہ میٹھا کریں لیکن سیلاب سے متاثرہ والدین عید کے موقع پر اپنے بچوں کو کپڑے پہنانے اور انہیں غذا فراہم کرنے سے قاصر ہیں ۔انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ کمسن بچے اور بچیاں مصیبت کی اس گھڑی اور سیلاب کی تباہ کاریوں کے باوجود عید کے نئے کپڑوں کی منتظر ہیں اور بھوک و افلاس کی زندگی گزارنے والے ان بچوں کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنا ہر پاکستانی کا فرض ہے ۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ سیلاب سے متاثرہ کمسن بچوں کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے عملی تعاون کریں ، کمسن بچوں اور بچیوں کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو نئے جوڑوں کا عطیہ دیں تاکہ سیلاب سے متاثرہ زیادہ سے زیادہ کمسن بچوں کو عیدالفطر کے موقع پر نئے کپڑے میسر آسکیں ۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سالانہ امدادی پروگرام 5 ستمبر بروز اتوار کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا

## جس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی ۔۔۔04 ، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں کے زیر اہتمام سالانہ امدادی پروگرام مورخہ 5 ستمبر بروز اتوار کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا ۔جس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین سہ پہر 3 بجےخصوصی ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔امدادی پروگرام میں مستحقین کی مالی امداد کے علاوہ روزمرہ استعمال ہونے والی ضروری اشیاء و دیگر سامان تقسیم کیا جائے گا ۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن میں مخیّر حضرات وعوام کے تعاون سے امدادی سرگرمیاں جاری
## معروف تاجر کی جانب سے بھاری مقدار میں جراثیم کش اسپرے کا عطیہ، حیدرآباد سے متاثرین کی امداد کیلئے سامان دادو روانہ

کراچی۔۔۔04/ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بلاتفریق رنگ ونسل ،زبان ومذہب سیلاب متاثرین کی امداد کا کام تیزی سے جاری ہے اوراس سلسلے میں مخیّر حضرات کے ساتھ ساتھ بڑی تعداد میں حق پرست عوام بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن سے نہ صرف بھرپور مالی تعاون کررہے ہیں بلکہ متاثرین کی امداد کیلئے درکار ضروری امدادی ساز وسامان بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن میں پہنچارہے ہیں۔ ہفتے کے روز کراچی کے معروف تاجر اظہر بندوق والا نے بھاری مقدار میں جراثیم کش اسپرے کے کارٹن خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کیے تاکہ متاثرین کے کیمپوں میں جراثیم کش اسپرے کرکے مچھر،مکھیوں اور دیگر وبائی وجلدی امراض پیدا کرنے والے کیڑے مکوڑوں کا مکمل خاتمہ کرکے کیمپوں میں موجود معصوم بچوں اور دیگر افراد کو مختلف وبائی بیماریوں سے محفوظ رکھا جاسکے۔اس سے قبل انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کرکے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابقہ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے حق پرست ناظم سید مصطفیٰ کمال سے ملاقات کی اورسید مصطفیٰ کمال کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن میں امدادی سامان ودیگر سرگرمیوں کا بغور جائزہ بھی لیا۔سید مصطفیٰ کمال نے اظہر بندوق والا کو متاثرین میں امداد پہنچانے کیلئے طریقہ کار اور سامان پیکنگ ولوڈنگ کے کاموں سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا اورلوڈنگ وپیکنگ کے کاموں میں شب وروز مصروف ایم کیوایم کے کارکنان اور رضا کاروں سے بھی ملاقات کی۔ دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے تحت ہفتے کو لاکھوں روپے مالیت کے راشن کے امدادی سامان پر مشتمل تین ٹرک ضلع دادو روانہ کیے گئے۔امدادی ٹرک میں متاثرہ افراد وخاندانوں کیلئے بھاری مقدار میں ایک ماہ کے راشن پر مشتمل ہزاروں بیگز جس میں آٹا،دالیں،چاول،گھی،مصالحہ جات،نمک،چینی،چائے کی پتی،خشک دودھ،بسکٹس،پینے کے صاف پانی اورادویات کے علاوہ کمبل،چادریں، بچوں،خواتین اور مردوں کیلئے سلے سلائے نئے ملبوسات، برتن،صابن وغیرہ شامل ہیں جسے حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان اور حیدرآباد زونل کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر طاہر خانزادہ اورتوحید احمد نے اپنی نگرانی میں دادو میں متاثرین سیلاب کے کیمپوں کیلئے روانہ کیا۔اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت ہندو برادری کا تہوار رکھشا بندھن منایا گیا
## ہندوخواتین نے قائدتحریک الطاف حسین کیلئے لائی گئی راکھیاں رابطہ کمیٹی کو باندھی

کراچی۔۔۔04/ستمبر 2010ء

ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت ہندوبرادری کے تہوار رکھشا بندھن کے موقع پر گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رکھشا بندھن کا تہوار منایا گیا اوراس سلسلے میں ہندوبرادری کی خواتین نے راکھیاں باندھی اورایم کیوایم کے قائدتحریک الطاف حسین کیلئے خصوصی دعائیں کی۔سینکڑوں خواتین قائدتحریک الطاف حسین کو اپنا بھائی مانتے ہوئے راکھی باندھنے نائن زیرو پر جمع ہوگئیں تاہم ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس نے قائدتحریک الطاف حسین کی نمائندگی کی اورخواتین سے راکھیاں باندھوائی۔اس موقع پر ہندوخواتین نے قائدتحریک الطاف حسین کی صحت وتندرستی ،درازی عمر،تحریک کی کامیابی ،سازشوں کے خاتمے،اسیروں کی رہائی ،شہداء کے بلند درجات سمیت  ملک کی سلامتی ،دہشت گردی کے خاتمے کیلئے بھی خصوصی دعائیں کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن آنسہ ممتاز انوار،حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منوہر لال اوراقلیتی امور کمیٹی کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔علاوہ ازیں قائدتحریک الطاف حسین کی سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کی اپیل پر ہندوبرادری کی جانب سے سوامی نارائن مندر اسٹیٹ ٹرسٹ میں قائم کیمپ میں جمع شدہ امدادی سامان خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں پہچادیا گیا ، یہ امدادی سامان اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد وارا کین گردھاری لال اورپطرس یوسف نے ہفتے کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفیٰ کمال کے سپرد کیا،امدادی سامان میں راشن کے سو بیگز شامل ہیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔04/ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 143-B کے رکن اعظم کی اہلیہ سائرہ اورایم کیوایم لیبر ڈویژن سی ڈی جی کے یونٹ انچارج افتخار صدیقی کے والد محمد احمد صدیقی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## خدمت خلق فاؤنڈیشن بلاتفریق رنگ ونسل اورزبان کے فرق سے بلاتر ہوکرمتاثرین کی امداد کررہا ہے،ایم کیوایم
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملتان کے مختلف علاقوں میں سیلاب متاثرین میں بھاری مقدار میں امدادسامان کی تقسیم

ملتان۔۔۔04ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے لیہ،کروڑلعل عیسن ،ڈیرہ غازی خان،تونسہ،دائرہ دین پناہ اورکھڑ بزدار کے سیلاب متاثرین میں لاکھوں روپے مالیت کاامدادی سامان وخشک غذائی اجناس اور پینے کا صاف پانی وغیرہ تقسیم کیا گیا۔غذائی اجناس میں آٹا،چاول ،مختلف اقسام کی دالیں،گھی،تیل،شکر،نمک،چائے کی پتی،مصالحہ جات پر مشتمل راشن بیگز شامل ہے جوایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج ارشدسبیل اورملتان زونل انچارج کرامت علی شیخ نے تقسیم کیےاورمتاثرین سے مکمل اظہار ہمدردی ویکجہتی کامظاہرہ کیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیلاب زدگان کی بلاتفریق رنگ ونسل اور بناء کسی لالچ کے دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کررہی ہے،چاہئے خیبرپختونخواہ ہو،پنجاب،بلوچستان یاپھرسندھ ہوایم کیوایم سیلاب زدگان کے ہمہ وقت ساتھ ہےاوراس وقت تک سیلاب زدگان کے نہ صرف پوری طرح ساتھ ہے بلکہ ان کی مدد بھی کرتی رہے گی جب تک ایک ایک سیلاب زدہ شخص اپنے گھر واپس نہیں چلا جاتا۔انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات آزمائش کی ہوتی ہےلیکن ملک کے جاگیرداروں اورظالم وڈیروں نے اپنے جاگیریں اورزمینیں بچانے کیلئے سیلاب کا رخ عوام کی طرف موڑ دیااورغریب معصوم عوام کومصیبت کی اس گھڑی میں پسنے کیلئے تنہا چھوڑ دیا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین ان مصیبت زدہ عوام کی امیدوں کی کرن ہیں جنہوں نے عوام کامشکل کی گھڑی میں بھرپورساتھ دیااوران کا سہارا بنے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سماجی تنظیموں اورمعاشرے کے ہر طبقے کے افرادکوآگے آکرمتاثرین سیلاب کی امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کرحصہ لینا چاہئے۔

## ملیشیاء کے قونصل جنرل خالدعبدلرزاق کا ملیشیاء کے ڈاکٹرزاورپیرامیڈیکل ٹیم اسٹاف کے ہمراہ
## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدردفتر کادورہ

کراچی۔۔۔04ستمبر 2010ء

پاکستان میں متعین ملیشیاء کے قونصل جنرل خالدعبدالرزاق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ہفتے کے روزایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدردفتر کادورہ کیااور یہاں سیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔اس سے قبل ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری،مصطفیٰ کمال،محترمہ نسرین جلیل اورڈاکٹرصغیراحمد نے ملیشیاء کے وفدکاخیرمقدم کیااورانہیں سیلاب زدگان کیلئے ملک میں جاری کے کے ایف کی امدادی اورطبی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔اس موقع پرملیشیاء کے قونصل جنرل نے سیلاب زدگان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کوسراہااوراسے بڑا کارخیرقراردیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ملیشیاء کے وفدکوخدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن سیلاب زدگان کیلئے نہ صرف کراچی،بلکہ اندرون سندھ اورملک بھرمیں عوام کے تعاون سے بھرپورخدمات انجام دے رہاہےاوراب تک 25 کروڑروپے سے زائد مالیت کاامدادی سامان اورادویات متاثرین سیلاب تک پہنچائی جاچکی ہے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے مزید کہا کہ سیلاب زدگان کی امدادکیلئے ایم کیوایم کا ہرشعبہ فعال کردارادا کررہا ہے۔واضح رہے کہ ملیشیاء کے قونصل جنرل اپنے ہمراہ ڈاکٹرزاورپیرامیڈیکل اسٹاف کی ایک بڑی ٹیم پاکستان لائے ہیں جوایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ساتھ ملکرسیلاب سے متاثرہ علاقوں کے مریضوں میں علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کرے گی۔ملیشیاء کے قونصل جنرل نے ملیشیاء کے ڈکٹرزاورپیرامیڈیکل ٹیم کے ہمراہ نذیرحسین اسپتال کادورہ بھی کیا۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیدمصطفیٰ کمال، شعیب احمدبخاری،محترمہ نسرین جلیل ڈاکٹرصغیراحمداورملیشیاء کے وفدنے کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر سے مزیددوٹرک کراچی اسٹیشن کے لئے روانہ کیے جہاں سے یہ ٹرک زکریاایکسپریس کے ذریعے ملتان روانہ کیے جائیں گے امدادی سامان میں غذائی اجناس آٹا،چاول،دالیں،شکر،گھی،تیل،پینے کاصاف پانی،کپڑے اور خیمے وغیرہ شامل ہیں

## بنارس چوک اورکٹی پہاڑی ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کیلئے ایک مقتل گاہ بن چکی ہے، واسع جلیل، رکن رابطہ کمیٹی

## گزشتہ ایک ماہ کے دوران بنارس چوک اورکٹی پہاڑی پر دہشتگردوں نے ایم کیوایم کے کئی بے گناہ کارکنان اور ہمدردوں کوشہید کیا ہے

## واسع جلیل کارابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک اورحق پرست ارکان سندھ اسمبلی کے ہمراہ کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورمرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے کہا ہے کہ وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک کے سامنے بھی کٹی پہاڑی پر ہونیوالی دہشتگردی اور ایم کیوایم کے کارکنوں کے قتل و غارت کا مسئلہ پوری شدت کے ساتھ اٹھایا تھا جس کے بعد وہاں چوکیاں بھی قائم کردی گئی تھیں تاہم وہ موثر ثابت نہیں ہوسکیں اور وہاں صورتحال اب بھی سنگین ہے۔ ہفتے کے روز کراچی پریس کلب میں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک اور دیگر ارکان سندھ اسمبلی منظرامام اورریحان ظفر کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بنارس پل پرصوبائی حکومت کی جانب سے فنڈ کی عدم فراہمی کی بناء پر پل کا کام مکمل ہونے سے رہ گیا ہے جسے جلد دور کرکے عوام اورٹریفک کیلئے کھول دیا جائے گا۔ایک اورسوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ امن وامان نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی خراب ہے ہم نے مطالبہ کیا تھا کہ ضرورت کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کی چوکیاں قائم کی جائیں جس سے عوام کی جان و مال محفوظ رہ سکتی ہیں۔اس سے قبل انہوں نے یوم القدس اور یوم علیؓ کے ہونے والے بم دھماکے کی مذمت کی اورقائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب شہداء کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا اورشہداء کی مغفرت کی دعا کی۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ روزمتحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن سیسی یونٹ کے سابق سب یونٹ کمیٹی کے رکن دانش علی کوسفاک مسلح دہشتگردوں نے فائرنگ کرکے بے دردی سے شہید کردیا۔دانش علی شہید سیسی میں جونیئر کلرک تھے اوروہ جمعرات کے روز بنارس پل کے قریب واقعہ اپنے دفتر میں معمول کے مطابق ڈیوٹی انجام دے رہے تھے کہ مسلح دہشت گردان کے دفتر میں آئے اوران پراندھادھند فائرنگ کردی جس سے 30 سالہ دانش علی ولدمحسن علی شدید زخمی ہوگئے انہیں فوری طور پرطبی امداد کی فراہمی کیلئے عباسی شہید اسپتال لیجایا جارہا تھا کہ وہ زخموں کی تاب نہ لاسکے اورراستے میں ہی شہید ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن خصوصاً بنارس چوک اورکٹی پہاڑی ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کیلئے ایک مقتل گاہ بن چکی ہے اور آئے دن ان مقامات پرہمارے کارکنوں اور ہمدردوں کی شہادتوں کے واقعات معمول کی بات بنتے جارہے ہیں ان مقامات پرفائرنگ کرکے بے گناہوں کوشہادتوں سے دوچار کرنے کے علاوہ موٹرسائیکل سواروں اورمنی بسوں وغیرہ میں سفرکرنے والوں سے ان کے بٹوے، گھڑیاں اورموبائل ٹیلیفون چھیننے کے واقعات اورمزاحمت پرفائرنگ کرکے شہید یازخمی کردینا بھی اب معمول بن چکا ہے پولیس اورانتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔اس سے قبل بھی بنارس چوک اورکٹی پہاڑی پرگزشتہ ایک ماہ کے دوران ایم کیوایم کے کئی بے گناہ کارکنوں کی شہادتوں سمیت ایسے کئی واقعات رونماء ہوچکے ہیں جس پر نہ صرف ایم کیوایم نے شدید مذمت کا اظہار کیا ہے بلکہ ارباب اختیار کی اس جانب توجہ بھی دلائی ہے کہ وہ ان افسوسناک واقعات کے روک تھام کیلئے اپنا کردارادا کرے لیکن افسوس کہ اس پرخاطرخواہ توجہ نہیں دی گئی اگراس حوالے سے ہماری مذمت اپیلوں اورمطالبات پرتوجہ دی جاتی اوران کی روک تھام کیلئے موثر اقدارات کیے جاتے تو کل ایم کیوایم کے ایک اور بے گناہ کارکن دانش علی شہید کی شہادت کا واقعہ رونماء نہیں ہوتا۔واسع جلیل نے کہا کہ حکومت سندھ خصوصاً وزیراعلیٰ سندھ، سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ذوالفقار مرزا سے ایک مرتبہ پھر پرزوراپیل کرتے ہیں کہ وہ کٹی پہاڑی اور بنارس چوک پر رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی فوری طور پر چوکیاں قائم کریں کیونکہ اورنگی ٹاؤن اور قصبہ سے لاکھوں عوام جن میں خواتین، بزرگ اوربچوں کی بھی ایک بڑی تعداد شامل ہوتی ہے ہرصبح اپنے روزگار اورحصول تعلیم وغیرہ کیلئے اندرون شہرآتے ہیں اسی طرح شام کو واپس جاتے ہیں۔انہیں اپنے اس آنے جانے میں کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے لینڈ مافیا ڈرگ مافیا جرائم پیشہ اورسماج دشمن عناصر جب چاہے اپنی منفی سرگرمیوں سے شہادتوں کے واقعات رونماء کردیتے ہیں اورشہر کے پرامن ماحول کوخراب کردیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ایم کیوایم اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے ہزاروں کارکنان اوررضا کاران ملک بھرمیں سیلاب کی آفت سے نمٹنے کیلئے دن رات محنت کررہے ہیں اورسیلاب زدگان کی امداداوربحالی کیلئے سرگرم عمل ہیں اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کراچی سے روزانہ کی بنیاد پرلاکھوں روپے کاامدادی سامان سیلاب زدہ علاقوں میں پہنچایا جارہا ہے جوایم کیوایم اورملک دشمن عناصر کو پسند نہیں آرہی وہ نہیں چاہتے کہ ایم کیوایم کے کارکنان سیلاب زدگان کی بھرپورمدد کریں اسی مقصد کیلئے وہ ایم کیوایم کے کارکنوں کوشہید کرکے کراچی کے ماحول کوخراب کرنا چاہتے ہیں پھرگزشتہ قائد تحریک الطاف حسین نے ملک کی موجودہ صورتحال پر جوبیان دیا تھااس پربھی کچھ سیاسی ومذہبی جماعتیں پریشان ہوگئی ہیں کیونکہ اب انہیں پاکستان کی سیاست میں اپنا کردارختم ہوتا ہوانظر آچکا ہے۔واسع جلیل نے صدرآصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک تمام ارباب اختیار سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ بھی ہمارے مذکورہ بالا مطالبات خصوصاً دانش علی شہید کی شہادت کا فوری نوٹس لیں ان کے قاتلوں کوفوری طور پر رفتارکرکے قرارواقعی سزادی جائے، ہم ایم کیوایم کے کارکنوں سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ صبرکا دامن ہاتھ سے ہرگز نہ چھوڑیں اور پرامن رہ کرشہر کا امن تباہ کرنے کی ہرسازش کو

ناکام بنادیں ۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی دانش علی کی شہادت پرشدید رنج وغم اورتعزیت کااظہارکرتے ہیں اوردعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلندکرے انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے ۔

## پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کے ملازمین اورمزدوررہنماؤں کوفی الفوررہا کیاجائے،حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## ملازمین کے مسائل سنجیدگی سے حل کرنے کیلئے مثبت اقدام کئے جائیں

کراچی۔۔۔4،ستمبر 2010ء

حق پرست ارکانِ قومی اسمبلی نے کہاہے کہ پی ٹی سی ایل کے گرفتار ملازمین اورمزدوررہنماؤں کوفلفوررہا کیا جائے اور محکمے کی انتظامیہ مزدوروں کے مسائل سنجیدگی سے حل کرنے کیلئے مثبت اقدام کئے جائیں ۔اپنے مشترکہ مذمتی بیان میں ارکانِ قومی اسمبلی نے کہا کہ دیگر حکومتی اداروں کی طرح بجٹ 2010ء میں حکومت پاکستان کے اعلان کردہ 50% فیصد موجودہ بنیادی تنخواہوں میں اضافے کا اطلاق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کے ملازمین پربھی لاگو کیا جائے تاکہ ادارے میں ملازمین میں پائی جانیوالی بے چینی اور بے اطمینانی دورہوسکے اور ملازمین اپنے کام کوخوش اسلوبی سے سرانجام دے سکیں ۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کی غیرقانونی طورپرروکی گئی تنخواہ اوربونس فوری کی عدم فراہمی کی وجہ انہیں ذہنی پریشانی مبتلا کردیا ہے جبکہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کی انتظامیہ ملازمین کوابتدائی تنخواہ 2008پر50% میں اضافے پرغور کررہی ہے جوکہ مہنگائی کے دورمیں ملازمین سے سراسرزیادتی کے مترادف ہے اورحکومت پاکستان کے اعلامیے کی سنگین خلاف ورزی ہے ۔ارکانِ قومی اسمبلی نے صدرِمملکت صدرآصف علی زرداری،وزیر اعظم پاکستان اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ملازمین کی تنخواہوں اوربونس کی فراہمی کوعید سے قبل یقینی بنائے تاکہ ملازمین کے اہلخانہ عید کی خوشیوں میں شریک ہوسکیں ۔

## برطانیہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے SUN سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی کی جانب سے

## سیلاب زدگان کیلئے لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان کی تیسری کھیپ پاکستان روانہ کردی گئی

## 20ٹن امدادی سامان میں خشک غذائی اجناس،دوائیاں،خیمے،کمبل،کپڑے اوردیگراشیاءشامل ہیں

## برطانوی پارلیمنٹ کے رکن ویریندرشرما کا SUN کے مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ۔SUN کی امدادی سرگرمیوں کوسراہا

## برطانیہ کے تمام کمیونٹیز پاکستان کے سیلاب زدگان کی زیادہ سے زیادہ مدد کریں۔ویریندرشرما کی اپیل

لندن۔۔۔ 4 ستمبر 2010ء

برطانیہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے SUN سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی (Society for Unwell and Needy) کی جانب سے پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان کی تیسری کھیپ پاکستان روانہ کردی گئی ۔20ٹن امدادی سامان میں خشک غذائی اجناس،دوائیاں،خیمے،کمبل،کپڑے اوردیگراشیاء شامل ہیں ۔دریں اثناءلیبرپارٹی سے تعلق رکھنے والے برطانوی پارلیمنٹ کے رکن ویریندرشرما نے سلاؤ کے علاقے میں قائم SUN کے مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد،SUN کے ٹرسٹیزسید طارق میر،محترمہ ذکیہ ذبیری اورڈاکٹرسلیم دانش بھی موجود تھے ۔SUN کے ٹرسٹیز نے برطانوی رکن پارلیمنٹ کوسیلاب زدگان کیلئے کی جانے والی امدادی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔برطانوی رکن پارلیمنٹ نے SUN کی امدادی سرگرمیوں کوسراہا۔ویریندرشرما نے پاکستان میں سیلاب سے بڑے پیمانے پرہونیوالی تباہ کاریوں پردلی افسوس کااظہارکیااوربرطانیہ کے تمام کمیونٹیز سے اپیل کی کہ وہ پاکستان کے سیلاب زدگان کی زیادہ سے زیادہ مدد کریں ۔

☆☆☆☆☆